www.roznamasahara.com / email : sundayumang009@gmail.com

10

صفحہ-11 : بزم ادب

روزنامہ راشٹریہ سہارا

گورکھپور 23 جون 2024 اتوار

امنگ

Gorakhpur, Sunday 23, June 2024

مقبول شاعر، مشہور غزل

یگانہ چنگیزی



صفحہ-11 : بزم ادب

شیروانی

(افسانہ)

روس نے خلا میں پہنچائے سیٹلائٹ شکن ہتھیار

عراق جنگ نے یہ ثابت کردیا کہ اس ملک کے مستقل امن وامان کی گارنٹی نہیں دی جا سکتی جو کمزور ہے۔ عراق اس بہانے سے تباہ کیا گیا کہ اس کے پاس عام تباہی کے ہتھیار ہیں اور شمالی کوریا کے خلاف جنگ چھیڑنے کی جرأت اس لیے نہیں کی گئی کہ امریکہ اور اس کے اتحادی یہ جانتے تھے کہ اس کے پاس ایٹم بم ہیں۔ یوکرین پر 2014 کے روسی حملے اور کریمیا کے روس کے ساتھ انضمام نے یہ دکھایا کہ کسی کمزور ملک کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔ روس کی حالیہ جنگ میں یوکرین کا ساتھ امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے اگر نہ دیا ہوتا تو حالات مختلف ہوتے۔ روس کب کا یہ جنگ جیت چکا ہوتا اور شاید اس جنگ کی توسیع ہو چکی ہوتی۔ جی ہاں، یوکرین جنگ کی توسیع نے ہی یورپی ممالک کو خوفزدہ کر رکھا ہے اور یہ صورتحال امریکہ کے مفاد میں ہے۔ یورپی ممالک زیادہ خوفزدہ ہوں گے تو وہ زیادہ امریکہ کے قریب رہیں گے۔ اس سے یورپ میں امریکہ کی پوزیشن مضبوط ہوگی۔ دوسری طرف روس، یوکرین سے جتنی طویل جنگ لڑے گا، وہ اتنا کمزور ہوگا اور ایک کمزور روس سے امریکہ کو یہ ڈر نہیں رہے گا کہ وہ اور اسرائیل کے دور کو دوبارہ لانے کی کوشش کرے گا، مستقبل میں اس کے لیے چیلنج بنے گا لیکن یہ بات امریکہ بڑی اچھی طرح جانتا ہے کہ جنگ میں فوجیوں کی زیادہ تعداد کی تو اہمیت ہوتی ہے، اہمیت اس بات کی زیادہ ہوتی ہے کہ ان کی مدد کے لیے سائنس اور ٹیکنالوجی کا زیادہ استعمال کیا جا رہا ہے۔ وہ ان ممالک کی سرگرمیوں پر پینی نظر رکھتا ہے جنہیں اپنا حریف یا حریف نہیں کا مانتا ہے، البتہ اسرائیل جیسے حلیف کے لیے وہ ہر طرح کی مدد کرنے کے لیے تیار رہتا ہے بھلے ہی اس کی مدد کا استعمال غزہ کے فلسطینیوں کو۔ جن میں بڑی تعداد فلسطینی بچوں اور خواتین کی ہے۔ خاک میں ملانے کے لیے کیا جا رہا ہو۔ اسی لیے امریکہ، ایران کے ایٹمی پروگرام پر بار بار دھمکیوں کا اظہار کرتا رہا ہے۔ روس کوئی نیا ہتھیار بنا لیتا ہے تو اس کی تشویش بڑھ جاتی ہے اور امریکی صدر جو بائیڈن کے لیے یقیناً یہ تشویش کی بات ہوگی کہ 21 مئی، 2024 کو روس نے اپنے سویوز راکٹ (Soyuz rocket) کے ذریعے زمین کے نچلے مدار میں سیٹلائٹ شکن ہتھیار پہنچا دیا ہے۔ یہ ایک سیٹلائٹ ہے مگر امریکہ کا ماننا ہے کہ یہ دراصل سیٹلائٹ شکن ہتھیار ہے۔ یہ سیٹلائٹ گردش کر رہا ہے جس میں امریکی سیٹلائٹ یو ایس اے 314 (USA 314) پہلے سے موجود ہے مگر روسی ترجمان کے مطابق، امریکی دعویٰ غلط ہے اور وہ بین الاقوامی قانون پر عمل کر رہا ہے۔

روس نے سویوز راکٹ کے ذریعے زمین کے زیریں مدار میں 9 سیٹلائٹ نصب کیے ہیں، ان میں کوسموس 2576 (COSMOS 2576) بھی شامل ہے۔ یہ ایک طرح کا روسی فوجی ’انسپکٹر‘ ہے۔ اسی لیے امریکہ کو یہ شبہ ہے کہ روس نے زمین کے زیریں مدار میں ایک ایسا ہتھیار پہنچا دیا ہے جو دوسرے سیٹلائٹس کی جانچ پڑتال کرنے اور ان پر حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ’مگر رپورٹ کے مطابق‘، ’کرملن نے امریکی حکام کے ان دعووں کی سختی سے تردید کی ہے کہ ماسکو ایسے سیٹلائٹ شکن جوہری ہتھیار تیار کر رہا ہے جو خلا میں رکھے جائیں گے۔‘ فروری 2024 میں یہ خبر آئی تھی کہ روس نیا سیٹلائٹ شکن ہتھیار تیار کر رہا ہے۔ سی پی ایس نیوز کی رپورٹ میں یہ اطلاع دی گئی تھی کہ یہ ہتھیار خلا پر مبنی ہے اور سیٹلائٹ کو نشانہ بنانے کے لیے جوہری ہتھیاروں سے لیس ہے۔ ’مگر ماسکو نے یہ کہہ کر اس خبر کو مسترد کر دیا تھا کہ ’نئے روسی ہتھیاروں کا دعویٰ کانگرس کو یوکرین کی اضافی امداد منظور کرنے پر



بائیڈن کے لیے یہ تشویش کی بات ہوگی کہ روس نے اپنے سویوز راکٹ کے ذریعے زمین کے زیریں مدار میں سیٹلائٹ شکن ہتھیار پہنچا دیا ہے۔ یہ ایک سیٹلائٹ ہے مگر امریکہ کا ماننا ہے کہ یہ دراصل سیٹلائٹ شکن ہتھیار ہے۔

پوتن حالات کے آگے گھٹنے ٹیک دینے والے لیڈروں میں سے نہیں ہیں، اس لیے متوقع حالات کے مدنظر اگر روس نے زمین کے زیریں مدار میں سیٹلائٹ شکن ہتھیار نصب کیا ہے تو یہ کوئی حیرت کی بات نہیں ہے۔

مجبور کرنے کے لیے‘ کیا جا رہا ہے اور اب جبکہ امریکہ کی طرف سے یہ بات کہی گئی ہے کہ روس نے سیٹلائٹ شکن ہتھیار خلا میں بھیج دیا ہے تو اس دعویٰ کو بھی ماسکو نے غلط بتایا ہے لیکن یہ ماننا مشکل ہے کہ امریکہ نے غلط دعویٰ کیا ہوگا۔ وہ پہلا ملک سویت روس ہی تھا جس نے مصنوعی سیٹلائٹ بنایا تھا، ایسا پہلا ملک بھی روس ہی تھا جس نے سیٹلائٹ شکن سسٹم بنانے میں کامیابی حاصل کی تھی۔ یوکرین جنگ شروع ہونے کے بعد سے روسی سربراہ ولادیمیر پوتن سمیت دیگر روسی لیڈران ایٹم بم کے استعمال پر بیانات دے چکے ہیں اور وہ یوکرین جنگ میں امریکہ اور یورپی ممالک کا رول بھی دیکھ رہے ہیں، روسی سیٹلائٹ شکن ہتھیار کے بارے میں امریکہ کا دعویٰ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ روسی صدر ولادیمیر پوتن ڈر جانے والے یا حالات کے آگے گھٹنے ٹیک دینے والے لیڈروں میں سے نہیں ہیں، اس لیے متوقع حالات کے مدنظر اگر روس نے زمین کے زیریں مدار میں سیٹلائٹ شکن ہتھیار نصب کیا ہے تو یہ کوئی حیرت کی بات نہیں ہے، البتہ یہ اس بات کا اشارہ ضرور ہے کہ روس جنگ میں اتنا زیادہ الجھا ہوا نہیں ہے کہ وہ متوقع حالات کے مدنظر تیاری نہ کر سکے۔ ■

نئے دور کی اہم ضرورت سیٹلائٹ

الزبتھ ہوویل کے مطابق، ’سیٹلائٹ خلا میں موجود ایسی شے ہے جو کسی بڑی چیز کا طواف کرتی ہے یا اس کے چاروں طرف چکر لگاتی ہے۔‘

سیٹلائٹ کیا ہے؟: سیٹلائٹ کی بڑھتی افادیت کو دیکھتے ہوئے اس سوال کی اہمیت بڑھ گئی ہے کہ سیٹلائٹ کیا ہے؟ اسپیس ڈاٹ کام کے لیے تحریر کیے گئے اپنے مختصر مضمون ’سیٹلائٹ کیا ہے؟‘ میں الزبتھ ہوویل نے یہ بتایا ہے کہ ’سیٹلائٹ خلا میں موجود ایسی شے ہے جو کسی بڑی چیز کا طواف کرتی ہے یا اس کے چاروں طرف چکر لگاتی ہے۔‘ سیٹلائٹ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ قدرتی اور مصنوعی۔ قدرتی سیٹلائٹ کی مثال چاند ہے، مصنوعی سیٹلائٹ کی مثال انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن ہے۔ 288 قدرتی سیٹلائٹس نظام شمسی میں ہیں۔ اس سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے کہ اس کائنات میں کتنے قدرتی سیٹلائٹس ہیں۔ زمین کے اطراف کے مدار میں سیکڑوں مصنوعی سیٹلائٹس نصب کیے جا چکے ہیں۔ اس سے مصنوعی سیٹلائٹس کی بڑھتی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے مگر اب طاقتور ممالک کی توجہ انٹی سیٹلائٹ سسٹم کو بہتر بنانے پر ہے تاکہ جنگ جیسے حالات میں ان کی پوزیشن مضبوط رہے۔

سیٹلائٹ کا استعمال: قدرتی سیٹلائٹ کا کیا استعمال ہوتا ہے، اس پر لکھنے کے لیے ایک طویل مضمون لکھنا پڑے گا، البتہ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ چاند بھی ایک قدرتی سیٹلائٹ ہے اور اس زمین پر رہنے والے جانداروں کے لیے سورج کی طرح اس کی بھی اہمیت ہے۔ مصنوعی سیٹلائٹس نے بھی گزرتے دنوں کے ساتھ اپنی اہمیت کا احساس دلایا ہے۔ موسم کا حال جاننے میں اس سے اس کی مدد لی جاتی ہے۔ اس سے زمین پر رہنے والوں اور کاشت کاروں کو تو فائدہ ہوتا ہی ہے، دیگر کام کرنے والوں کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔ سیٹلائٹ کی مدد سے سمندر کے سفر کو آسان بنانے میں مدد ملی ہے، کیونکہ اس کی مدد سے پہلے ہی یہ پتہ چل جاتا ہے کہ طوفان کہاں سے پیدا ہو رہا ہے اور اس کی ممکنہ رفتار کیا ہوگی۔ مصنوعی سیٹلائٹ کی مدد ہی پی ایس نیوی گلوبل پوزیشننگ سسٹم میں لی جاتی ہے۔ سیل فون کا انضمار جی پی ایس سسٹم پر ہی ہے۔ مصنوعی سیٹلائٹس کے اور بھی کئی استعمال ہیں۔

دنیا کا پھیلا سیٹلائٹ: دوسری عالمی جنگ کے دوران امریکہ اور سوویت یونین نے محسوس کر لیا تھا کہ روایتی ہتھیاروں سے کام نہیں چلے گا، نئے ہتھیار بنانے پڑیں گے اور اس کے لیے نئی ٹیکنالوجی حاصل کرنے پر خصوصی توجہ دینی پڑے گی۔ اسی لیے سوویت یونین اور امریکہ نے مصنوعی سیٹلائٹ بنانے پر توجہ دی اور اسی کے ساتھ توجہ سیٹلائٹ شکن سسٹم حاصل کرنے پر بھی دی۔ دنیا کا پہلا سیٹلائٹ لانچ کرنے میں کامیابی سوویت یونین کو ملی۔ اس نے اپنا اور دنیا کا پہلا سیٹلائٹ اسپتنک 1 (Sputnik 1) 4 اکتوبر 1957 کو لانچ کیا۔ امریکہ نے اس لانچنگ کے 6 مہینے کے اندر ہی اپنا پہلا سیٹلائٹ ایکسپلورر 1 (Explorer 1) لانچ کر دیا۔ یہ ذکر محل نہ ہوگا کہ امریکہ نے یہ مصنوعی سیٹلائٹ یکم فروری 1958 کو لانچ کیا تھا۔ ■

سیٹلائٹ شکن ہتھیار کتنے ملکوں کے پاس ہیں؟



دنیا کے بدلتے حالات کو دیکھتے ہوئے سیٹلائٹ کی اہمیت نہ صرف موسم کے بارے میں جاننے، سمندری سفر کو محفوظ بنانے کے لیے بڑھی ہے، ان کاموں کے لیے بھی بڑھی ہے جن کا انحصار سیٹلائٹ پر ہے۔ سیٹلائٹ کی اہمیت دفاعی طور پر مستحکم بننے کے لیے بھی بڑھی ہے۔ سوویت یونین اور امریکہ نے بہت پہلے یہ بات سمجھ لی تھی کہ دنیا کے طاقتور ممالک اپنی طاقت میں اضافہ کرنے کے لیے سیٹلائٹ کا استعمال کریں گے۔ اسی لیے دونوں کے سائنس دانوں نے سیٹلائٹ شکن سسٹم حاصل کرنے پر کام کرنا شروع کر دیا تھا۔ سب سے پہلے یہ سسٹم سوویت یونین نے حاصل کیا۔ سوویت سائنس دانوں نے سیٹلائٹ کو تباہ کرنے کے لیے ایک خاص قسم کا راکٹ بنایا تھا۔ اس کا نام ’پولیٹ (Polyot)‘ رکھا تھا۔ سوویت یونین نے اس سے سیٹلائٹ شکنی کا کامیاب تجربہ 1968 میں کیا تھا۔ سوویت یونین کے سائنس داں کی طرح امریکی سائنس داں بھی 1950 کی دہائی سے ہی سیٹلائٹ شکن سسٹم بنانے پر کام کر رہے تھے۔ امریکہ نے سیٹلائٹ شکن میزائل کی لانچنگ 1984 میں کی۔ امریکہ کے اس کی انٹی سیٹلائٹ ملٹی اسٹیج میزائل کا نام ASM-135 ASAT تھا۔ چین نے ایک موسم سیٹلائٹ، فاہیان-1 سی (Fengyun-1C) 1988 میں لانچ کیا تھا۔ اسے اس نے ایک کائنیٹک ایجنری وپین (Kinetic energy weapon) سے 11 جنوری، 2007 کو توڑ کر یہ اشارہ دے دیا کہ اس نے بھی سیٹلائٹ شکن سسٹم حاصل کر لیا ہے۔ اس کا کائنیٹک ایجنری وپین کی رفتار 18000 میل فی گھنٹہ یعنی تقریباً 29 ہزار کلومیٹر فی گھنٹہ تھی۔ ہمارے ملک ہندوستان نے ’مشن شکتی‘ کے تحت 27 مارچ، 2019 کو انٹی سیٹلائٹ میزائل لانچ کیا۔ فی الوقت انہیں 4 ممالک- روس، امریکہ، چین، ہندوستان- کے پاس سیٹلائٹ شکن سسٹم ہیں اور دفاعی طور پر یہ اس دنیا کے 4 طاقتور ممالک ہیں۔ لیکن سیٹلائٹ شکن ہتھیاروں کی بڑھتی اہمیت کے مدنظر یہی لگتا ہے کہ اسے حاصل کرنے کے لیے کئی اور ممالک بھی کوشاں ہوں گے۔ دراصل دنیا کے حالات کی تبدیلی نے بھی سیٹلائٹ شکن ہتھیاروں کی اہمیت بڑھا دی ہے۔ ■

چین نے ایک موسم سیٹلائٹ، فاہیان-1 سی (Fengyun-1C) 1988 میں لانچ کیا تھا۔ اسے اس نے ایک کائنیٹک ایجنری وپین سے 11 جنوری، 2007 کو توڑ کر یہ اشارہ دے دیا کہ اس نے بھی سیٹلائٹ شکن سسٹم حاصل کر لیا ہے۔

ہندوستان کا انٹی سیٹلائٹ میزائل

چین کی توسیع پسند پالیسی کو دیکھتے ہوئے یہ ضروری ہو گیا تھا کہ ہندوستان بھی سیٹلائٹ شکن سسٹم حاصل کرے اور اس نے ’مشن شکتی‘ کے تحت 27 مارچ، 2019 کو کامیابی سے انٹی سیٹلائٹ میزائل لانچ کر دیا۔

وطن عزیز ہندوستان نے ادھر کے برسوں میں خلا میں اپنی دھمک محسوس کرائی ہے۔ 14 جولائی، 2023 کو ’چندریان-3‘ کی کامیاب لانچنگ اور پھر 23 اگست، 2023 کو کامیاب لینڈنگ نے عالمی برادری کو حیرت میں ڈال دیا تھا۔ چاند کے جنوبی قطب پر یہ کسی بھی لونر لینڈر کی پہلی لینڈنگ تھی۔ اس کے بعد 2 ستمبر، 2023 کو شمسی مطالعے کے لیے ’کورونوگرافی اسپیس کرافٹ‘ آدتیہ-ایل 1‘ اور پھر کم جنوری، 2024 کو بلیک ہولز کے مطالعے کے لیے ایکسپوسیٹ آبزرویٹری ایکسپو سیٹ (XPoSat) کی لانچنگ اور دونوں کی کامیاب تنصیب نے یہ اشارے دے دیے کہ خلائی سائنس میں ہندوستان ایک بڑی طاقت بن چکا ہے۔ یہ سچ ہے کہ گزشتہ 3 برسوں میں ہندوستان نے خلائی سائنس میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے مگر سچ یہ بھی ہے کہ اس سے قبل بھی اسرو نے بار بار یہ احساس دلایا ہے کہ خلائی سائنس میں ہندوستان ایک بڑی طاقت ہے۔ خلائی سائنس میں اس کا تقابل کم ہی ممالک ہیں جن سے کرنا مناسب ہوگا۔ 11 جنوری، 2007 کو چین نے اپنے موسم سیٹلائٹ کو تباہ کر کے یہ بتا دیا کہ اس نے سیٹلائٹ کو توڑنے کی طاقت حاصل کر لی ہے۔ چین کی توسیع پسند پالیسی کو دیکھتے ہوئے یہ ضروری ہو گیا تھا کہ ہندوستان بھی سیٹلائٹ شکن سسٹم حاصل کرے اور اس نے ’مشن شکتی‘ کے تحت 27 مارچ، 2019 کو انٹی سیٹلائٹ میزائل لانچ کر کے یہ دکھا دیا کہ نئی ضرورتوں کی اہمیت سے وہ واقف بھی ہے اور اسے پورا کرنے کے لیے کوشاں بھی ہے۔ آج ہندوستان ان چند ملکوں میں شامل ہے جن کے پاس سیٹلائٹ شکن سسٹم ہیں۔ ■